**Shabbir / Fazil**

**06-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، روس کے صدر ولادیمیر کی، راشٹرپتی بھون میں میزبانی کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت-روس دوستی فروغ پاتی رہے گی۔

2- قوم آج بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن 70 ویں مہا پریوان دیوس پر خراج عقیدت پیش کر رہی ہے۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گاندھی نگر میں اَرتھ سمٹ 2025 کا افتتاح کیا۔ انہوں نے سہکار سارتھی پہل کے تحت 13 سے زیادہ نئی خدمات اور مصنوعات کا بھی آغاز کیا۔

4- دلّی پولیس نے قومی راجدھانی اور آس پاس کے علاقوں میں 16 بدمعاشوں اور بدنام مجرموں کو گرفتار کیا ہے۔

5- بھارت نے چنئی میں FIH مردوں کے جونیئر ہاکی عالمی کپ میں بیلجیم کو چار-تین سے ہرا کر سیمی فائنلز میں جگہ بنا لی ہے۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، آج دوپہر وِشاکھاپٹنم میں تیسرا اور آخری ODI میچ بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Prez Russia

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے روس کے صدر ولادیمیر پتن کے اعزاز میں کل شام ایک ضیافت کا اہتمام کیا۔ انہوں نے کہا کہ اُن کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان اہم تعلقات میں ایک خاص سنگِ میل ہے، کیونکہ یہ دورہ بھارت-روس اہم شراکت داری کے 25 سال پورے ہونے کے موقعے پر کیا جا رہا ہے۔

S/B Prez Russia

صدر مرمو نے بھارت-روس خصوصی اور اہم شراکت داری کے تئیں صدر پتن کی حمایت اور ذاتی عزم کو سراہا۔
صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس شراکت داری کی رہنمائی امن، استحکام اور باہمی سماجی و اقتصادی نیز ٹکنالوجی کی ترقی کے ایک مشترکہ عزم سے ہوتی ہے۔
صدر مرمو نے یہ بھی کہا کہ 2025 کا سال بھارت-روس کثیر پہلو شراکت داری کیلئے خاص طور پر ثمرآور ہے، جس میں کئی میدانوں میں خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے، جس میں اعلیٰ سطح کے سیاسی تبادلے، تجارت و معیشت، دفاع، سِول نیوکلیائی تعاون ، خلا، سائنس و ٹکنالوجی اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلے شامل ہیں۔x

PM Putin Joint Statement

بھارت اور روس نے کل دفاع، تجارت، معیشت، حفظانِ صحت، تعلیم، ثقافت اور میڈیا سے متعلق شعبوں میں 16 معاہدوں کا تبادلہ کیا۔ نئی دلی میں 23ویں بھارت-روس سالانہ سربراہ میٹنگ میں روس کے صدر ولادیمیر پُتن کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت اور روس کی دوستی عالمی چیلنجوں کا مقابلہ کرنے میں طاقت فراہم کرے گی اور یہی باہمی اعتماد دونوں ملکوں کے مشترکہ مستقبل کو پروان چڑھائے گا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور روس دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔

S/B PM Modi on Terrorism

وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک یوریشیائی اقتصادی یونین کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔
جناب مودی نے اعلان کیا کہ بھارت جلد ہی روسی شہریوں کیلئے 30 روزہ مفت ای۔ٹورسٹ ویزا اور 30 روزہ گروپ ٹورسٹ ویزا شروع کرے گا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ روس نے انٹرنیشنل Big Cat Alliance میں شامل ہونے کیلئے فریم ورک معاہدہ اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔
جناب مودی نے کہا کہ صدر پوتن کا دورہ ایسے وقت ہو رہا ہے جب دو طرفہ تعلقات کئی تاریخی سنگ میل حاصل کر رہے ہیں۔
یوکرین کے بارے میں وزیراعظم نے کہا کہ بھارت نے ابتدا سے ہی قیام امن کی حمایت کی ہے۔x

Rev. Mahaparinirvan Diwas

قوم بھارت رتن، ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو آج ان کے 70ویں Mahaparinirvan یا برسی کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کر رہی ہے۔

ملک کی تعمیر میں ڈاکٹر امبیڈکر کی غیر معمولی خدمات کو اجاگر کرنے کیلئے ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Shivang Misra

آج ایک ایسی عظیم شخصیت کا 70 واں مہا پری نِروَن دیوس ہے جسے قوم ڈاکٹر امبیڈکر نام سے جانتی ہے، جنھوں نے بھارت کے آئینی روح کو تشکیل دیا۔ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کی وزارت کے تحت ڈاکٹر امبیڈکر فاؤنڈیشن کی طرف سے ہر سال مہا پری نِروَن دیوس منایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر امبیڈکر ایک صاحب بصیرت سماجی مصلح، ماہر قانون اور سیاست دان تھے جن کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیراعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور دیگر سرکردہ شخصیات نے آج صبح پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں واقع Prerna Sthal پر گل دائرے نذر کیے۔ ڈاکٹر امبیڈکر کے سماجی انصاف، مساوات اور جمہوریت پر مبنی نظریات نسلوں اور حالیہ سرکار کے لیے مسلسل تحریک کا باعث ہیں جس کی عکاسی سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس، سب کا پریاس کے منتر سے ہوتی ہے جس کا نعرہ وزیراعظم نریندر مودی نے بلند کیا تھا۔

آکاشوانی دلی سے شیوانگ مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .............

Rev. Amit Shah

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے اَرتھ سمٹ 2025 کا افتتاح کیا۔ انہوں نے سہکار سارتھی پہل کے تحت 13 سے زیادہ نئی خدمات اور مصنوعات کا آغاز کیا۔ اِن میں Digi KCC، مہم سارتھی، ویب سائٹ سارتھی، امدادِ باہمی سے متعلق حکمرانی انڈیکس ، ePACS، اناج کے ذخیرے والی، دنیا کی سب سے بڑی ایپلی کیشن شِکھا سارتھی اور سارتھی ٹکنالوجی فورم شامل ہیں۔

کل اس سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ یہ دوسرا ایڈیشن، تین اَرتھ سمٹس کی ایک سیریز کا حصہ ہے، جس کا مقصد دیہی معیشت کو مضبوط بنانا اور دیہی ترقی کیلئے نتیجہ خیز طریقے تلاش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِن بڑے معاملوں کا تعلق 4 وزارتوں سے ہے، جو دیہی معیشت سے منسلک ہیں۔

اِن معاملوں کو اِن سربراہ میٹنگوں میں مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے گا۔ یہ سربراہ میٹنگیں اگلے سال دلّی

میں تیسری میٹنگ میں ایک پالیسی فریم ورک کی شکل میں اختتام پذیر ہوں گی۔

جناب شاہ نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے زور دے کر کہا تھا کہ بھارت کی ترقی کے خاکے میں، گاؤوں کو مرکزی حیثیت دی جانی چاہیے۔ لیکن آزادی کے بعد اِس اصول کو نظر انداز کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ زراعت، مویشی پروری اور امدادِ باہمی کے اداروں کو کئی دہائیوں تک نظر انداز کیا گیا۔ البتہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں 2014 میں اس رَوِش میں تبدیلی شروع ہوئی اور دیہی ترقی کو قومی ترقی میں بنیادی حیثیت دی گئی۔

جناب شاہ نے کہا کہ آئندہ برسوں میں ہر پنچایت میں امدادِ باہمی سے متعلق ایک ادارہ قائم کرنے، امدادِ باہمی کے ارکان کی تعداد 50 کروڑ تک کرنے اور GDP میں اس شعبے کے حصے میں اضافہ کرنے کیلئے ایک منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب یہ مقاصد پورے ہو جائیں گے، تو کوئی بھی شہری پیچھے نہیں رہ جائے گا، خواہ وہ مویشی پروری میں سرگرم کوئی دیہی خاتون ہو یا کوئی چھوٹا کسان ہو۔

جناب شاہ نے کہا کہ امدادِ باہمی کی وزارت نے ’سہکار ٹیکسی‘ کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت 51 ہزار سے زیادہ ڈرائیورز، آزمائشی مرحلے کے دوران اپنا اندراج کرا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس کا مقصد امدادِ باہمی سے متعلق ملک کی سب سے بڑی ٹیکسی کمپنی تشکیل دینا ہے۔×

Amit Shah Consulative Committee

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج گجرات میں بناس ڈیری میں امدادِ باہمی وزارت کی پارلیمانی مشاورتی کمیٹی کی تیسری میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ وزیر موصوف گجرات کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ وہ سنادَر میں بناس ڈیری کے بایو CNG اور کیمیاوی مادّوں کے پلانٹ کا بھی افتتاح کریں گے۔ وہ مِلک پاؤڈر اور Baby فوڈ پلانٹ کا بھی افتتاح کریں گے، جو اپنی نوعیت کا ایک جدید ترین پلانٹ ہے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Delhi Police Gangsters

دلی پولیس نے قومی راجدھانی اور اس کے ملحقہ علاقوں سے سولہ Gangsters اور بدنام زمانہ جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ دلی اور قومی راجدھانی خطہ میں منظّم جرائم کو روکنے کے مقصد سے دلی پولیس نے رات کے وقت بڑے پیمانے پر کارروائی کی جس میں 850 پولیس جوانوں نے حصہ لیا۔ دلی پولیس کے مطابق منظّم طریقے سے کی گئی کارروائی میں بڑے گروہوں کو نشانہ بنایا گیا جو پیسے اینٹھنے، غیر قانونی اسلحہ کی تجارت، منشیات کی اسمگلنگ، ڈکیتی اور چھینا

جھپٹی میں ملوث تھے۔ ایک بیان میں دلی پولیس نے بتایا کہ اس کارروائی میں دلی اور ہریانہ میں ڈیڑھ سو سے زیادہ ٹھکانوں پر چھاپے مارے گئے۔ دلی پولیس نے اسلحہ قانون کے تحت16 معاملے، NDPS کے تحت دو اور ا یکسائز ایکٹ کے تحت دو معاملے درج کیے ہیں۔x

Robert Vadra

امکان ہے کہ آج دلّی کی ایک عدالت، اینفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کے بیانات کی سنوائی کرے۔ ایجنسی نے کانگریس کی سابق صدر سونیا گاندھی کے داماد، تجارت پیشہ رابرٹ واڈرا کا نام، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں ایک ملزم کے طور پر پیش کیا ہے۔ اس کیس کا تعلق برطانیہ میں مقیم، دفاعی سامان کے ایک ڈیلر سنجے بھنڈاری سے ہے۔

پچھلے مہینے ED نے کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام کے قانون PMLA کے تحت، دلّی کی راؤز ایونیو عدالت میں ایک استغاثہ اپیل داخل کی تھی۔ افسران کے مطابق PMLA کے تحت، واڈرا کا بیان اس سال جولائی میں ریکارڈ کیا گیا تھا۔ کالے دھن کو جائزہ بنانے کی روک تھام کرنے والی وفاقی ایجنسی نے الزام لگایا تھا کہ رابرٹ واڈرا کا رابطہ، بیرونِ ملک مالی لین دین اور املاک سے ہے، جس کا تعلق بھنڈاری سے ہے۔ بھنڈاری کو بیرونِ ملک، غیر اعلان شدہ اثاثوں کی ملکیت کے الزامات کا سامنا ہے۔ بھنڈاری کو جو 2016 میں بھارت سے چلا گیا تھا، دلّی کی ایک عدالت نے ایک فرار معاشی مجرم قرار دیا ہوا ہے۔x

Chhattigarh SIR

چھتیس گڑھ میں چناؤ فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی SIR کے تحت، ابھی تک 2 کروڑ 8 لاکھ 46 ہزار سے زیادہ شماریاتی فارموں کو ڈیجیٹل شکل دی جا چکی ہے۔ یہ کُل مجموعی موصولہ فارموں کا 98 فیصد سے زیادہ حصہ ہے۔ ریاست میں تقریباً سبھی رجسٹرڈ ووٹروں کو شماریاتی فارم فراہم کیے جا چکے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vikalp Shukla

پورے چھتیس گڑھ میں خصوصی تفصیلی نظر ثانی کا کام، زور شور سے جاری ہے۔ قبائلیوں کے غلبے والے بَستر ڈویژن میں، جسے جغرافیائی اعتبار سے چیلنجوں کا سامنا ہے، بوتھ سطح کے افسران، دوردراز کے علاقوں میں ووٹروں تک پہنچنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ بیجاپور کے ڈپٹی ضلع انتخابی افسر N R Gawel نے بتایا کہ اندراوتی دریا اور آس پاس کے گھنے جنگلوں میں واقع علاقوں تک پہنچ کر BLO ٹیموں نے کشتیاں اور اسٹیمرس بھی فراہم کیے ہیں۔

S/B - N R Gawel

ریاستی اعلیٰ انتخابی افسر یشونت کمار نے بھی اعلان کیا ہے کہ بوتھ سطح کے افسران، SIR مہم کے دوران غیر معمولی کارکردگی انجام دے رہے ہیں۔
رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

Aviation Govt.

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ انڈیگو فلائٹ میں ہونے والی تاخیر اور منسوخی کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے اور توقع ہے کہ آج سے ہوائی اڈّوں پر کسی کو انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی خصوصی توجہ Backlogs کو کم کرنا ہے اور وہ زمین پر تمام ضروری فریقوں کے ساتھ رابطے میں ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہری ہوابازی کی وزارت تمام ایئرپورٹوں اور ایئر لائن آپریٹروں کے ساتھ رابطے میں ہے، تاکہ بچوں، ماؤں، سینئر سِٹیزن اور معذور افراد کو ترجیح دی جا سکے۔

S/B - Ram Mohan Naidu Aviation Indigo

DGCA Committee

سرکار نے انڈیگو کی پروازوں کے کام کاج میں رخنہ اندازی پیدا ہونے کی صورتِ حال کا جامع جائزہ لینے کے لیے ایک چار رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ 15 دن کے اندر ایک رپورٹ پیش کرے۔ DGCA نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ کمیٹی ان وجوہات کا پتہ لگائے گی جس سے اس کا کام کاج میں بڑے پیمانے پر رخنہ پڑا۔ انڈیگو کی پروازوں میں رخنہ پڑنے کے تناظر میں DGCA نے پورے بھارت کے پائلٹوں کی سبھی تنظیموں، ایسوی ایشنوں اور پائلٹوں اور پائلٹوں سے کسی روک ٹوک بغیر پروازوں کی آمد و رفت کو برقرار رکھنے میں تعاون کرنے کی بھی اپیل کی ہے۔x

Railway Coaches

ملک میں، بڑے پیمانے پر پروازیں منسوخ کیے جانے کے بعد، مسافروں کی مانگ میں اضافے کے تناظر میں، بھارتی ریلویز نے سہولت آمیز سفر اور پورے ریل نیٹ ورک میں قیام کی جگہوں کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کیے ہیں۔ ملک میں، 37 ریل گاڑیوں میں مزید 116 ڈبّے جوڑے گئے ہیں۔
جنوبی ریلوے نے سب سے زیادہ ڈبّے جوڑے ہیں، جن کی وجہ سے 18 ریل گاڑیوں کی گنجائش میں اضافہ ہوا ہے۔ جن راستوں پر کافی زیادہ مسافر ہیں، اُن پر اضافی چیئرکار اور سلیپر کلاس ڈبّے جوڑے گئے ہیں۔ یہ سہولت

آج سے شروع کر دی گئی ہے۔

شمالی ریلوے نے، تھرڈ اے-سی اور چیئرکار ڈبّے لگا کر 8 ریل گاڑیوں کی گنجائش میں اضافہ کیا ہے، جبکہ مغربی ریلوے نے زیادہ مانگ والی 4 ریل گاڑیوں کی گنجائش میں اضافہ کیا ہے۔ اِن میں تھرڈ اے-سی اور سیکنڈ اے-سی ڈبّے جوڑے گئے ہیں۔ شمال مشرقی سرحدی ریلوے نے تین اہم ریل گاڑیوں کی گنجائش میں اضافہ کیا ہے۔ اِن میں کل سے لے کر اس مہینے کی 13 تاریخ تک 8 دوروں میں، تھرڈ اے-سی اور سلیپر ڈبّے جوڑے گئے ہیں۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات، IMD نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور جھارکھنڈ، اڈیشہ اور پنجاب میں سرد لہر کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آسام، میگھالیہ، ہماچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری اورکرائیکل میں گرج چمک کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران آج صبح دلی این سی آر میں ہوا کا معیار انتہائی خراب زمرے میں ریکارڈ کیا گیا۔x

Hockey Men's Junior World Cup

FIH ہاکی میں مردوں کے جونیئر ورلڈ کپ 2025 میں بھارتی ٹیم نے کوارٹر فائنل میں روایتی حریف بیلجیم کو ہراکر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ یہ میچ کل رات چنئی کے میئر رادھا کرشنن ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ میچ دو، دو سے برابر رہنے کے بعد بھارتی ٹیم نے پینلٹی شوٹ آؤٹ میں چار تین سے جیت حاصل کی۔ پرنس دیپ سنگھ نے اس میچ کے ہیرو رہے جنھوں نے شوٹ آؤٹ میں حیرت انگیز دفاع کیا۔ انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ شردا نند تیواری نے پینلٹی شوٹ آؤٹ میں تین گول کیے جبکہ انکت پال نے آخری گول کرکے فتح دلادی۔ اب اتوار کو سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ سات بار کی چیمپین جرمنی سے ہوگا۔x

Cricket ODI

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے میچ آج وشاکھا پٹنم کے ACA-VDCA کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ میچ دن میں ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔ اس وقت یہ سیریز ایک ایک سے برابری پر ہے۔ بھارت نے رانچی میں کھیلے گئے پہلے میچ میں 17 رن سے جیت حاصل کی تھی۔ تاہم مہمان ٹیم نے رائے پور میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں شاندار کھیل کامظاہرہ کرتے ہوئے 359 رن کا نشانہ حاصل کرتے ہوئے سیریز ایک ایک سے برابر کردی۔ کوہلی اور Ruturj Gaikwad کی سنچریز اور بھارت کے 358 رن کے بڑے

اسکور کے باوجود یہ میچ جنوبی افریقہ کے حق میں رہا۔

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر
شکریہ -اسلم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی اور روس کے صدر پوتن کے درمیان سالانہ سربراہ میٹنگ کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ میٹنگ کے بعد منعقدہ مشترکہ پریس کانفرنس میں دونوں ممالک کے درمیان توانائی کے تحفظ کو شراکت داری کا مضبوط ستون قرار دیا گیا اور 2030 تک اقتصادی تعاون کے پروگرام پر فریقین نے اتفاق کیا۔

صحت و قومی سلامتی سیس بل 2025 لوک سبھا سے منظور۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اس بل میں پان مسالے پر اضافی ٹیکس لگانے کی دفعات شامل ہیں۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کے مطابق اس سے حاصل ہونے والے ریوینیو کو صحت اور دفاعی شعبوں کو مضبوط بنانے پر خرچ کیا جائے گا۔

روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس نے امید پورٹل پر وقف جائیدادوں کے اندراج کیلئے تین ماہ کی مہلت دیے جانے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو نے کئی ممبران پارلیمنٹ اور سماجی لیڈروں کی درخواست پر اس مہلت کا اعلان کیا۔

روزنامہ پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے آر بی آئی کے ذریعے اس سال چوتھی بار ریپو شرح میں کمی کی خبر پر توجہ مرکوز کی ہے۔ صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کی اس کمی سے گاڑیوں کی صنعت کو مزید رفتار ملے گی۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے دلی یونیورسٹی اور روس کی ایچ ایس ای یونیورسٹی کے درمیان اسپیس مرر لیب کے قیام پر دستخط کی خبر کو اہمیت دی ہے۔x

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، روس کے صدر ولادیمیر کی، راشٹرپتی بھون میں میزبانی کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت-روس دوستی فروغ پاتی رہے گی۔

2- قوم آج بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن 70 ویں مہا پریوان دیوس پر خراج عقیدت پیش کر رہی ہے۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گاندھی نگر میں اَرتھ سمٹ 2025 کا افتتاح کیا۔ انہوں نے سہکار سارتھی، پہل کے تحت 13 سے زیادہ نئی خدمات اور مصنوعات کا بھی آغاز کیا۔

4- دلّی پولیس نے قومی راجدھانی اور آس پاس کے علاقوں میں 16 بدمعاشوں اور بدنام مجرموں کو گرفتار کیا ہے۔

5- بھارت نے چنئی میں FIH مردوں کے جونیئر ہاکی عالمی کپ میں بیلجیم کو چار-تین سے ہرا کر سیمی فائنلز میں جگہ بنا لی ہے۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، آج دوپہر وِشاکھاپٹنم میں تیسرا اور آخری ODI میچ بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------